© rasailojaraid.com

# مطالعہ کی میز پر

محمد رمضان یوسف سلفی
فیصل آباد

نام کتاب: **عقیدہ مسلم**

مصنف: ابوانس مولانا محمد یحییٰ گوندلوی حفظہ اللہ

صفحات: 415، قیمت: 200 روپے

ناشر و ملنے کا پتہ: دار الحسنی، گلی ماہنا گجر، آبادی مہر محبوب عالم نوشہرہ روڈ گوجرانوالہ

مولانا محمد یحییٰ گوندلوی حفظہ اللہ مسلکی حمیت رکھنے والے غیور اہل حدیث عالم دین ہیں۔ انہوں نے عقائد باطلہ کی اصلاح، غیر شرعی رسوم و عوائد اور تقلید شخصی کے خلاف تحقیقی کتب لکھ کر بہت بڑی خدمت سرانجام دی ہے۔ اس کے علاوہ انہوں نے صحیح سنن ترمذی، صحیح ابن ماجہ اور شمائل ترمذی کی اردو میں شروحات اور تراجم لکھ کر خدمت حدیث کا فریضہ بھی خوش اسلوبی سے ادا کیا ہے۔ بلا شبہ وہ کہنہ مشق مدرس، لائق مصنف، اعلیٰ پائے کے مترجم اور اونچے درجے کے مفسر و شارح ہیں۔ 1956 میں گونداں والہ ضلع گوجرانوالہ میں پیدا ہوئے جامعہ اسلامیہ گوجرانوالہ سے درس نظامی کی تکمیل اور ادارہ علوم اثریہ فیصل آباد سے تخصص کیا۔ لکھنے پڑھنے کا اچھا ذوق رکھتے ہیں ان کے تحقیقی مقالات جماعتی رسائل میں شائع ہو کر خوانندگان ذی احترام کے مطالعہ میں آتے رہتے ہیں کئی کتابیں بھی تصنیف کر چکے ہیں۔ زیر تبصرہ کتاب میں انہوں نے عقیدے کو موضوع سخن بنایا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ صحیح عقیدہ ہی ہے کہ جو ایک مومن و مسلمان کی نجات کا باعث بنتا ہے۔ عصر حاضر میں جب ہم اپنے قرب و جوار میں دیکھتے ہیں تو لوگوں کو عقائد باطلہ میں مبتلا پا کر کف افسوس ملنے کو جی چاہتا ہے۔ مولانا یحییٰ صاحب نے اس کتاب میں معاشرے کے افراد میں پائی جانے والی عقائد کی غلطیوں کی درستگی کی ہے اور باطل نظریات کی نکیر کرتے ہوئے لوگوں کو توحید و سنت کی صحیح راہ دکھائی ہے۔ کتاب ایک مقدمہ اور نو (9) ابواب میں منقسم ہے۔ باب اول میں قدامت اہلحدیث پر بحث کی گئی ہے۔ دوسرے باب میں عقیدہ اور اس کے مبادیات بیان ہوئے ہیں تیسرے باب میں توحید باری تعالیٰ اور عبادت کی اقسام کو ضبط کتابت میں لایا گیا ہے۔ چوتھا باب فرشتوں پر ایمان، پانچواں باب کتابوں پر ایمان، چھٹا باب نبیوں پر ایمان پر مشتمل ہے۔ ساتویں باب میں صحابہ کرام اور خلافت اور درجات صحابہ پر دلائل دیئے گئے ہیں۔ آٹھویں باب میں مسئلہ تقدیر اور خیر و شر پر روشنی ڈالی گئی ہے اور آخری باب میں آخرت پر ایمان، موت، معاملہ قبر، علامات قیامت، قیامت کا حادثہ، قبروں سے اٹھنا، میدان حشر، حوض کوثر، بدعتیوں کی محرومیاں، حساب، اعمال نامہ کی تقسیم، پل صراط، جنت، جہنم، دیدار الٰہی اور جنت میں آخری جانے والا، ایسے عنوانات پر سیر حاصل بحث کی گئی ہے۔ کتاب اپنے مشمولات کے اعتبار سے بڑی تحقیقی اور ٹھوس دلائل پر محتوی ہے۔ اپنے موضوع پر یہ ایک جامع کاوش ہے اور بہت سے اہم مسائل کو اپنے دامن میں سمیٹے ہوئے ہے۔

قارئین اپنے ذوق طبع کے مطابق اس سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ کتاب کی کمپوزنگ، طباعت اور جلد بندی معیاری اور قیمت مناسب معلوم ہوئی ہے۔ اس موضوع سے دلچسپی رکھنے والوں کی تفریح کیلئے اس میں بہت سامان موجود ہے۔

## خطبات مدراس

تالیف: علامہ سید سلیمان ندویؒ

صفحات: 184، قیمت: 70 روپے

ناشر و ملنے کا پتہ: مکتبہ اسلامیہ، بیرون امین پور بازار فیصل آباد فون: 041-631204

علامہ سید سلیمان ندوی رحمۃ اللہ علیہ برصغیر پاک و ہند کی عظیم المرتبت علمی شخصیت تھے۔ انہوں نے اسلامی تعلیمات کو اجاگر کرنے کیلئے تقریر و تحریر سے بے پناہ خدمت سرانجام دی۔ وہ لائق محقق اور بلند پایہ مصنف تھے۔ سیرت النبیؐ، تاریخ ارض القرآن، حیات مالک، سیرت عائشہ، عربوں کی جہاز رانی، خیام، حیات شبلی، اور لغات جدیدہ کو نہ صرف یہ کہ اسلامی ادب بلکہ اس خطہ ہند کے اردو ادب میں بھی خاص مقبولیت اور اونچا مقام حاصل ہے۔ خطبات مدراس بھی سید صاحب کے پُر بہار اور شگفتہ قلم کا ایک عظیم شاہکار ہے۔ اس میں انہوں نے نبی علیہ السلام کی سیرت طیبہ کے مختلف گوشوں کو اس خوبی سے احاطہ تحریر میں لانے کی سعی کی ہے۔ کہ آپ ﷺ کی حیات اقدس کی پوری عملی اور تاریخی



© rasailojaraid.com